ادارہ

مسافرینِ آخرت

× معروف سیاست دان نوابزادہ نصراللہ خان صاحب کی اہلیہ ۲۲- اپریل کو خان گڑھ میں انتقال کر گئیں- وہ گزشتہ کئی ماہ سے شدید علیل تھیں- فالج کا مرض جان لیوا ثابت ہوا- عمر کے آخری حصہ میں نواب صاحب کو ایک بڑا صدمہ پہنچا ہے اللہ تعالٰی مرحومہ کی مغفرت فرمائے- اور درجات بلند فرمائے- ہم نواب صاحب کے غم میں شریک ہیں اور انکے تمام خاندان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں- دعا گو ہیں کہ اللہ تعالٰی انہیں صبر عطاء فرمائے (آمین-)

× لاہور میں ہمارے دیرینہ کرم فرما محترم میاں محمد اسلم جان صاحب کے برادر نسبتی اور مجلس احرار اسلام لاہور کے جنرل سیکرٹری میاں محمد اویس کے نانا قاری عبدالرشید صاحب گزشتہ ماہ مدینہ منورہ میں رحلت فرما گئے-

× ادارہ کے مخلص معاون، محترم پروفیسر خالد شبیر احمد صاحب (فیصل آباد) کی چچی صاحبہ ۲۵- اپریل کو چنیوٹ میں انتقال کر گئیں-

× چنیوٹ میں ہمارے قدیم رفقا محترم نذر حسین صاحب اور ملک محمد نواز صاحب یکے بعد دیگرے وفات پا گئے-

× مجلس احرار اسلام ضلع رحیم یار خان کے انتہائی مخلص وفادار اور معاون ساتھی جناب صوفی محمد اسحاق صاحب حافظ محمد اسماعیل اور محمد ادریس صاحب کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ رحلت فرما گئیں-

× مجلس احرار اسلام دربشہ، تحصیل تلہ گنگ کے قدیم کارکن حاجی غلام محمد صاحب کو یکے بعد دیگرے صدمات سے دو چار ہونا پڑا- ان کے چچا حافظ نور محمد صاحب، ان کے حقیقی چھوٹے بھائی صوبیدار محمد خان صاحب، ان کے بھتیجے کے لڑکے رحمت اللہ صاحب (متعلم حفظ قرآن کریم) انتقال کر گئے- رحمت اللہ مرحوم بالکل نوجوان تھے اور عید کے روز انتقال ہوا-

× تحریک طلباء اسلام بستی سولویاں کے صدر لیاقت علی سومرو کے دو بھتیجے ایک ہی دن آخرت کو سدھار گئے- دونوں کی عمریں دس اور گیارہ سال کے درمیان تھیں-

× مجلس احرار اسلام ربوہ کے کارکن سجاد صاحب کی کمسن بچی گزشتہ دنوں انتقال کر گئی-

× ادارہ نقیب ختم نبوت کے انتہائی مخلص معاون اور ہمارے قدیم رفیق محترم عبدالکریم قمر صاحب (کمالیہ) کے والد ماجد گزشتہ ماہ انتقال کر گئے-

اراکین ادارہ تمام مرحومین کی مغفرت کے لئے دعا گو ہیں اور لواحقین کے غم میں شریک ہیں- قارئین سے بھی گزارش ہے کہ وہ اپنی خاص دعاؤں میں اپنے ان مخلص رفقاء کی مغفرت کے لئے دعا کا اہتمام کریں- (ادارہ)

دعاء صحت

مجلس احرار اسلام کے انتہائی قدیم اور مخلص و ایثار پیشہ کارکن محترم حکیم محمد صدیق تارڑ صاحب (مریدکے) گزشتہ دو ماہ سے سخت علیل ہیں- ان کی صحت یابی کے لئے قارئین دعاء فرمائیں-